برخوردار تم مہمان ہو ہمارے اور ہم امید کرتے ہیں تم بہت جلدی اپنا پروجیکٹ مکمل کرتے اپنے شہر چلے جاؤ گے۔ آغا جان نے ٹھنڈے لہجے میں کہا تو مہر خاموش ہو گیا اور مہر و سر جھٹک کر کمرے کی طرف بڑھ گئی۔

KOH NOVELS - URDU
#Just Believe In Success

مجھے بہت فکر ہو رہی ہے اکبر مہر و کی طرف سے۔ تہمینہ پریشانی میں کہنے لگی۔ کیوں اب کیا ہوا۔ اکبر نے اس سے پوچھا۔ وہ ابھی تک نہیں راضی ہوئی شادی کے لیے۔ تہمینہ نے بتایا۔ تم فکر نہ کرو میری بیٹی کے نصیب میں جو ہو گا اسے وہی ملے گا۔ اکبر نے انہیں تسلی دی۔ آپ کو ذرا سی بھی فکر نہیں ہو رہی۔ تہمینہ نے اکبر کو دیکھتے ہوئے کہا۔ نہیں ہو رہی مجھے میرے اللہ پورا یقین ہے تم چائے لے کے آؤ میرے لیے۔ اکبر اعتماد بھرے لہجے میں بتایا۔ جس سے تہمینہ خاموشی سے ادھر سے چلی گئی

مہر تم جا کہیں بھی ہو اپنی امانت لے جاؤ مجھے یقین ہے تم ضرور آؤ گے۔ اکبر نے دل میں کہا

سکینہ کچن کے سینک میں کھڑی ہاتھ دھو رہی تھی کے تبھی فضل کچن میں آیا۔ سکینہ ہاتھ دھوتی مڑی اور زور سے چیخ ماری۔ فضل اس کی چیخ سے ڈر گیا۔ کیا ہوا۔ فضل نے گھبراتے ہوئے پوچھا۔ تجھے کچن میں کس نے آنے کی اجازت دی۔ سکینہ نے اس کی بات نظر انداز کرتے اپنا سوال کیا۔ وہ میں سبزیاں لایا تھا۔ فضل نے بتایا۔ باہر ٹیبل نظر نہیں آ رہی ادھر نہیں رکھ سکتا تھا۔ سکینہ نے باہر پڑی ٹیبل پہ اشارہ کرتے ہوئے کہا۔ لیکن ہوا کیا۔ فضل نے پھر پوچھا۔ ہوا کیا میں نے پورے پینتس منٹ لگا کے کچن چمکایا اور تو نے دو منٹ میں سارا کا سارا کچن خراب کر دیا۔ سکینہ نے اسے بتایا۔

کیا ہوا۔ بی اماں نے سکینہ سے کہا۔ بی اماں رک جائیں پہلے میں اس سے بات کر لو۔ سکینہ نے انہیں چپ رہنے کو کہا۔ سبزیاں شیلف پہ رکھ۔ سکینہ نے بولا تو اس نے رکھ دی۔ وائیپر اٹھا۔ سکینہ نے اسے کچن میں پڑے وائیپر کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا۔ کیا۔ فضل نا سمجھتے ہوئے کہنے لگا۔ کیا کیا سنائی نہیں دیا۔ سکینہ نے اسے دیکھتے ہوئے کہا۔ تو وہ وائیپر اٹھا لایا۔ چل مارنا شروع کر۔ سکینہ نے۔ اسے حکم دیا اور خود کرسی پہ بیٹھ گئی۔

KOH NOVELS - URDU
#Just Believe In Success

سکینہ یہ تو کیا کر رہی۔ بی اماں نے پوچھا۔ بی اماں آپ ہی کہتی ہے جو انسان کام خراب کریں اسے سے ٹھیک کروانا چاہیے تو میں بھی وہی کر رہی ہوں۔ مگر سکینہ میں ڈرائیور ہوں۔ فضل نے بتایا۔ ڈرائیور ہے تو کام کیا ہے تیرا مہرو باجی کو گھر سے کالج اور کالج سے گھر چھوڑنا۔ سکینہ کسی کی کوئی بات سننے کو تیار نہ تھی۔ ایک بات بتا تو اس گھر کی نوکرانی ہے یا مالکن۔ فضل نے اس سے پوچھا۔ پہلے بات

میں اس گھر کی نوکرانی نہیں ہوں اور دوسری بات آغاجان کی طرح مالکن بننا نہیں چاہتے۔ دوسری بات سکینہ نے ہنستے ہوئے بتائی۔

سن ہم دونوں دوست بن جائیں۔ فضل نے اسے چکما دیا۔ کیوں کس لیے یہ مجھے باتوں میں نہ الجھا اور چپ کر کے کام کر۔ سکینہ اس کی باتیں خاطے میں نہ لاتے ہوئے کہنے لگی۔ دیکھ پانچ بجنے والی ہے جلدی کر۔ سکینہ نے اسے کہا۔ کیوں پانچ بجے کیا ہوتا ہے۔ فضل وائپر مارتے پوچھنے لگا۔ پانچ بجے شادی کے وضیفے والا شو آتا ہے میں وہ دیکھتی ہوں۔ سکینہ نے بتایا۔

مہر و نماز پڑھتے ہوئے اٹھی تھی کے تبھی دروازے پہ دستک ہوئی مہر و نے دروازہ کھولا۔ آپ۔ مہر و نے کہا۔ اب تم کہو گی آغاجان آسکتے ہیں آپ جائیں مگر میں تمہیں بتادوں تمہارے آغاجان سو چکے ہیں اور وہ بھی دو نیند کی گولیاں کھا کر تم تو جانتی ہو گی۔ مہر نے مہر و کو کہا جس سے وہ آنکھیں نیچے کر گئی۔

لیکن آپ کو کیسے پتہ آغاجان دو گولیاں کھاتے۔ مہر و نے پوچھا۔ ابراہیم سے پوچھ کے آرہا ہوں۔ مہر نے بتایا۔ اوہ۔ مہر و کہتے ساتھ بیلکونی میں چلی گئی۔ اور مہر بھی اس کے۔ پیچھو چل دیا۔

میں نے تمہارے شوہر کا پتہ لگوا لیا ہے ڈاکٹر آغا مہر فیصل۔ مہر نے اسے کہا تو اسے اس نے چونک کر دیکھا کیا واقع۔ مہر و بے یقینی سے پوچھنے لگی۔ ہاں مگر وہ تو اپنی انگریز بیوی کے ساتھ ہنی مون پہ گیا ہوا ہے اور وہ بہت پیاری ہے مہر نے سنجیدگی سے بتایا۔

کیا تو کیا میں پیاری نہیں ہوں۔ مہر و نے پوچھا۔ میری نظر سے دیکھو تو تم سا حسین تو کوئی ہے ہی نہیں۔ مہر نے مہر و کے کان میں سرگوشی کی۔ مہر سر آپ یہ کیا کہہ رہے ہیں۔ مہر و نے فوراً پیچھے ہوتے ہوئے پوچھا۔ میری چھوڑو ابھی اپنے شوہر کی انگریز بیوی کا سوچو۔ مہر نے بات بدلی۔ مہر سر آپ کسی طرح مہر اور اسکی۔ انگریز بیوی کو گاوں لے آئے پھر دیکھیں میں اس کی انگریز بیوی کے ساتھ کرتی کیا ہوں۔ مہر و نے غصے سے کہا مہر کو۔ اس کی کنڈیشن دیکھ کے ہنسی آرہی تھی مگر وہ ہنسی کو چھپا گیا

میں کیسے لا سکتا ہوں اور سوچو تمہارا شوہر تم سے محبت نہ کرتا ہو اور وہ تمہیں لینے نہ آئے پھر کیا کرو گی۔ مہر نے آج اسے رولانے کی قسم کھا رکھی تھی مہر و کی شکل دیکھ کے اسی بہت مزہ آرہا تھا۔

سکینہ ڈائیننگ ٹیبل صاف کر رہی تھی جب اسے مہر و کی سونے کی بالی۔ میں ابھی مہر و باجی کو جا کے دے کے آتی ہوں سکینہ۔ کہتی سیڑھیاں چڑھنے لگی یہ کیا مہر و باجی کے کمرے کا دروازہ اب تک کھولا ہوا ہے۔ سکینہ کہتی اس کی طرف بڑھی۔

میں اور تم۔ ایک کمرے میں بند ہو جائے۔ سکینہ کمرے میں آئی تو بیلکونی میں کھڑے مہر اور مہر و کو دیکھا تو گانا گانے لگ گئی۔ سکینہ تم پھر شروع ہو گئی۔ مہر و نے کہا۔ لے باجی میں کیا کر رہی تھی میں گانا ہی تو گا رہی تھی اچھا یہ آپ کی سونی کی بالی میز پہ پڑی تھی۔ سکینہ نے اس کی طرف سونے کی بالی کی تو اس نے تھام لی۔

چاند چھپا بادل میں شرما کے میری جانا۔ سکینہ ایک اور گانا گنگناتی چلی گئی جس سے مہر زوردار قہقہ لگا کے ہنسنے لگا۔ سکینہ بچپن سے ہی۔ مہر کہتا کہتا رکا اور مہر و نے اسے گھور کے دیکھا۔

KOH NOVELS - URDU
#Just Believe In Success

میرا مطلب کیا وہ بچپن سے ہی۔ ایسی ہے۔ مہر نے فوراً بات بدلی۔ جی پانچ سال کی تھی جب بی اماں اسے اس گھر میں لائیں تھی۔ مہرو نے مسکراتے ہوئے بتایا۔

ایک منٹ سکینہ نے تو مجھے بتایا تھا مہر اکیلا آیا ہے۔ مہرو نے اسے بتایا۔ مہرو تم بے وقوف ہو وہ انگریزن لڑکی کبھی پاکستان نہیں آئے گی اور وہ بھی گاؤں۔ مہر نے اس کو بے وقوف بنا رہا تھا اور وہ اس کی بات پہ بنتی جا رہی تھی۔ اب کیا کرو گی رشتے سے ہاں کر دو گی۔ مہر نے اس سے پوچھا نہیں۔ مہرو نے بتایا مگر وہ کل انگوٹھی پہنانے آرہے ہیں۔ مہر نے بتایا۔ مہر سر میرے پاس بہت اچھا آئیڈیا ہے۔ مہرو کے کہتے ہی اس کے لبوں پہ ایک جاندار مسکراہٹ آئی۔

تہمینہ مہرو کے کمرے میں آئی۔ یہ آج رات تو نے پہننا ہے۔ تہمینہ نے بتایا۔ میں نہیں پہنو گی یہ سوٹ۔ مہرو نے۔ اس سوٹ کو دیکھنا بھی پسند نہ کیا۔ مہرو میں کوئی بحث نہیں کرنا چاہتی اس لیے چپ چاپ پہن لی مجھے اور بھی بہت کام ہیں۔ تہمینہ سوٹ رکھتی اسے کہتی چلی گئی۔

KOH NOVELS - URDU
#Just Believe In Success

حویلی میں سب لوگ کاموں میں مصروف تھے آغا جان اور تہمینہ کے علاوہ کوئی بھی۔ اس رشتے سے خوش نہ تھا مگر وہ کرتے بھی تو کیا کرتے آغا جان کے سامنے بول نہیں سکتے تھے۔

مہر اپنے کمرے کی بیلکونی میں کھڑا اپنے خیالوں میں گم تھا جب ابراہیم اس کے پاس آیا۔ مہر بھائی مجھے یہ تو سمجھا دیں مجھے سمجھ ہی نہیں آرہا۔ ابراہیم نے کتاب اس کی طرف کرتے ہوئے کہا۔ اچھا تم

جاؤمیں آتاہوں۔ مہر اپنے خیالوں سے باہر آیا ابراہیم کو جواب دیا۔ جی ٹھیک ہے۔ ابراہیم کہتا چلا گیا۔ مہر بھی اس کے پیچھو چل دیا۔

جب مہر اپنے کمرے سے نکلا تو اسے مہرو نظر آئی مہر رک کے اسے دیکھنے لگا۔ مہر تم کہاں ہو پلیز آجاؤ دیکھو یہ لوگ تمہاری مہرو کی کسی اور سے شادی کروا رہے ہیں میں **بلکل** بھی خوش نہیں ہوں پلیز آجاؤ اور مجھے اپنے ساتھ لے جاؤ۔ مہرو مہر کی فوٹو دیکھ کے روتے ہوئے اسے کہ رہی تھی مہرو کی باتیں سن کے مہر کے دل کو کچھ ہوا بس کچھ دن میری جان پھر میں تمہیں لے جاؤں گا یہاں سے۔ مہر نے دل میں کہا اور وہاں سے چلا گیا۔

سکینہ میری بات سنو۔ مہر کچن میں آتا ہوا کہنے لگا۔ مہر بابا میں آپ سے بعد میں بات کرتی ہوں ابھی بہت کام ہے مجھے۔ سکینہ نے بتایا۔ تم نہیں چاہتی تمہاری شادی جلدی ہو۔ مہر نے اسے پوچھا۔ جی بولو۔ سکینہ فوراً پلٹی۔ مہر نے اپنے ہونٹ سکینہ کے کان کے قریب کیے اور پھر کچھ کہا اور پھر دونوں ایک دوسرے کو دیکھ کے مسکرائے۔ ویسے یہ پلان دیا کس نے۔ سکینہ نے پوچھا۔ مہرو نے رات میں بتایا تھا اب یہی کرنا ہے تم نے۔ مہر کہتا چلا گیا۔

مہرو نے گلابی رنگ کا فراک پہنا ہوا ریشمی بال کمر میں پھیلائے ہوئے ہلکے سے میک اپ کیے وہ بہت حسین لگ رہی تھی مگر مہرو کا چہرہ بجھا سا تھا۔ وہ لوگ باتوں میں مگن تھے اکبر اور بی اماں کو لڑکا کچھ خاص پسند نہ آیا وہ شکل میں بھی بس ٹھیک تھا قد بھی چھوٹا تھا اور رنگ بھی درمیانہ نہ تھی

۔چائے لے آؤ سکینہ۔ آغاجان نے سکینہ کو حکم دیا۔جی۔وہ کہتی کچن کی طرف چل دی۔ سکینہ چائے لے آئی تھی اوراب سب کودینے لگی تھی پلان کے مطابق سکینہ نے اجمل پہ چائے گرادی۔میں نے جان کے نہیں گرائی آغاجان میں نے جان کے نہیں گرائی غلطی سے گر گئی۔ سکینہ نے بتایا۔اچھا ٹھیک ہے تم انہیں باتھ روم لے جاؤ۔ آغاجان نے۔اسے کہاوہ اسے باتھ روم لے آئے۔

وہ ابھی باتھ روم گیاہی تھاکہ سکینہ نے لائیٹ بند کر دی وہ پریشان ہوتاادھرادھر دیکھنے لگاپھر جب اس نے اندھیرے میں چائے صاف کی اور باتھ روم کادروازہ کھولنے لگادروازہ نہ کھلا سکینہ دروازے کی کنڈی لگاکے وہاں سے چلی گئی وہ کب سے دروازہ کٹھکٹھارہاتھامگر کوئی نہیں کھول رہاتھا۔جلدی سے نیچے آجاؤوہ رسم کرنے کے لیے انتظار کررہے ہیں۔ تہمینہ مہروسے کہتی چلی گئی۔مہرو نے سرپہ ڈوپٹہ کیااور خود کوشیشے میں دیکھنے لگی۔

پانچ منٹ بعد سکینہ ادھر آئی لائیٹ اور دروازہ کھولا۔ اتنی دیر کوئی لگاتاہے۔ سکینہ نے اس سے پوچھا۔جی وہ دروازہ بند ہوگیاتھا۔اجمل نے بتایا۔ آپ کیاکہ رہے میں کب سے یہاں کھڑی ہوں ایسا تو کچھ بھی نہیں ہوا۔ سکینہ نے اسے بتایا۔اوہ اب سمجھی کہیں وہ چڑیل تو نہیں آگئی تھی۔ سکینہ نے کہا۔ کک کون چڑیل۔اجمل ڈرتے ہوئے پوچھنے لگا۔اس حویلی میں ایک چڑیل رہتی ہے وہی آئی ہوگی لازماً اور آپ کوپتہ ہے آپ کی جس سے شادی ہورہی اس پر بھی چڑیل آتی ہے۔ سکینہ نے۔ اسے ڈرایا۔

اب راستہ یاد ہو گا تو خود چلے جائیے گا مجھے بہت کام ہیں۔ سکینہ اپنا کام کرتی چلی گئی اور اجمل باہر ہی نکلا تھا کے سامنے سے مہر و آرہی تھی مہر و نے اجمل کو نہیں دیکھا مہر و کی۔ اس سے ٹکر ہوئی اور وہ گرنی لگی تھی مگر اجمل نے پکڑ لیا اسی وقت مہر آیا۔

ہاتھ چھوڑ۔ مہر نے غصے۔ سے کہا۔ جی۔ اجمل نے حیرانگی سے دیکھا۔ میں نے کہا ہاتھ چھوڑ۔ مہر نے پھر سے کہا اس نے مہر و کا ہاتھ چھوڑا اور خود سے دور کیا۔ تم نیچے جاؤ۔ مہر نے مہر و سے کہا تو وہ نیچے چلی گئی۔ آپ کون ہے۔ اجمل نے سامنے کھڑے شخص سے پوچھا۔ ہاتھ کیوں پکڑا تھا۔ مہر اس کی بات کو نظر انداز کرتے اپنا سوال کیا۔ وہ گرنے والی تھی۔ ہاں تو تو آیا تیفا ان ٹربل کا علی ظفر۔ اوہ بھائی ہو کون تم۔ اس نے پھر پوچھا میں۔ سرپرائز ہوں تجھے تیرا نکاح والے دن بتاؤ گا چل کٹ لے اب۔ مہر نے اس کے کندھے میں ہاتھ رکھتے ہوئے بولا اور وہاں سے چلا گیا۔

اس گھر میں سب ہی عجیب ہے۔ اجمل کہتا سیڑھیاں اترنے لگا۔ رسم کیجیے۔ آغا جان نے کہا۔ مہر کو اپنے سامنے اپنی بیوی کا کسی اور کے ساتھ دیکھنا ہرگز برداشت نہ ہو رہا تھا مگر اس نے اپنے آپ پہ قابو کیا۔ ہاتھ دیجیے۔ اجمل نے مہر و سے ہاتھ مانگا۔ مہر و نے ہاتھ آگے کیا تو انگلی پہ پٹی بندھی ہوئی تھی

۔ یہ کیا ہے۔ اجمل نے پوچھا۔ اس وقت چوڑیاں پہن رہی تھی تو لگ گئی۔ مہر و نے بتایا۔ دوسرے ہاتھ میں پہنا دیں۔ آغا جان نے کہا تو اس نے دوسرا ہاتھ آگے کیا مہر و نے۔ اپنے ناخن اسے چبائے۔ آآآآآ۔ اجمل نے چیخ ماری۔ کیا ہوا۔ مہر و نے پوچھا۔ کچھ نہیں۔ اس نے۔ مسکراتے ہوئے بتایا اور مہر کو مہر و کی حرکتوں پہ ہنسی آرہی تھی۔ اجمل نے انگوٹھی پہنا دی۔ رسم کے بعد مہر و اٹھ کے وہاں سے چلی گئی۔

وہ لوگ رات کا کھانا کھا کے جا چکے تھے مہر و نے بھی کپڑے چینج کر لیے تھے آغا جان کے ساتھ تمام گھر والے اپنے اپنے کمرے میں سونے کے لیے چلے گئے۔ مہر اپنے کمرے میں بیٹھا تھا کے دروازے پہ دستک ہوئی۔ مہر پریشان ہوتا دروازہ کھولنے گیا۔

تم۔ مہر نے۔ اپنے سامنے کھڑی مہر و سے کہا۔ جی میں وہ آغا جان سو گئے تھے مجھے آپ سے بات کرنی تھی تو سوچا آجاؤ کیوں مجھے یہاں نہیں آنا چاہیے تھا۔ مہر و بولتی جا رہی تھی اور وہ خاموش کھڑا سن رہا تھا۔ نہیں وہ مطلب نہیں تھا میرا چلو ٹھیک ہے تم میرے لیے ایک کپ چائے بنانا اور اپنی بات بھی کر لینا۔ مہر کمرے سے باہر آتا ہوا بتانے لگا۔

ٹھیک ہے۔ مہر و نے کہا تو وہ دونوں کچن کی جانب چل دیے۔ بتاؤ کیا بات کرنی تھی۔ مہر نے مہر و سے پوچھا۔ مہر سر مجھے لگتا ہے وہ انکار کر دے گا رشتے سے۔ مہر و نے خوشی سے بتایا۔ نہیں کرے گا بہت ڈھیٹ لگ رہا تھا۔ مہر نے اسے اپنی رائے دی۔ مہر سر اگر اس نے انکار نہ کیا تو کیا مجھے یہ نکاح کرنے پڑے گا۔ مہر و چائے کپ میں ڈالتے ہوئے پوچھنے لگی۔ پتہ نہیں۔ مہر نے بتایا۔ تو مہر و کا منہ لٹک گیا۔ چائے۔ مہر و نے اس کی طرف بڑھائی۔ شکریہ۔ مہر نے لیتے ہوئے کہا۔ مہر و مسکرا دی۔

ارے تمہارے ہاتھ کی چائے کا ٹیسٹ تو بلکل تہمینہ ماما۔ مہر کہتا کہتا رکا اور مہر و نے اسے دیکھا۔ میرا مطلب تہمینہ آنٹی جیسی ہے۔ مہر نے بات سنبھالی۔ اسے چھوڑیں آپ یہ بتائیں مہر کہاں ہے اب۔ مہر و نے اپنی مطلب کی بات کی۔ یہ تمہارے سامنے۔ مہر نے اپنی طرف اشارہ کیا۔ نہیں میرا

شوہر مہر فیصل۔ مہر و نے اسے بتایا۔ کل ہی تو بتایا تھا ہنی مون پہ گیا ہوا ہے۔ مہر نے اسے پھر سے تنگ کرنا شروع کر دیا۔

مہر سر لیکن مہر نے تو مجھ سے وعدہ کیا تھا کے وہ آئے گا۔ مہر و نے بتایا۔ تو اسے کیا اپنا وعدہ یاد ہو گا اب تک۔ مہر نے اس سے پوچھا۔ مجھے یاد ہے تو اسے بھی یاد ہو گا۔ مہر و نے بتایا۔ ہو سکتا نہ ہوں۔ مہر نے اسے کہا۔ نہیں مجھے امید ہے۔ اسے میرا اور اپنا نکاح یاد ہو گا اور وہ بہت جلد آئے گا۔ مہر و نے کہا تھا مہر اس کو دیکھنے لگ گیا۔

کتنی امیدیں لگائی ں بیٹھی ہو مجھ سے اور میں تمہارے سامنے ہو کے بھی کچھ نہیں بتا سکتا۔ مہر اسے دیکھتے ہوئے دل میں بولا۔ کیا ہوا۔ مہر و نے اس کے آگے چٹکی بجائی۔ کچھ نہیں۔ مہر ہوش میں آیا۔

اب میں چلتی ہو کافی دیر ہو گئی ہے۔ مہر و کہتے ساتھ اپنی کرسی سے اٹھی اور جانے ہی لگی اس کا پیر مہر کے پیر سے ٹکرایا اور مہر و ان بیلینس ہوئی اور مہر کے اوپر آ گری دونوں ایک دوسرے کو دیکھنے لگے مہر کا دل چاہا کے یہ وقت یہی رک جائے اور وہ دونوں ایسے ہی رہیں مہر و کا دل زور سے دھڑکنے لگا مہر اس کے دل کی دھڑکنیں سن سکتا لیکن اگلی ہی لمحے وہ اپنے ہوش میں واپس آ کے مہر نے مہر و کو خود سے دور کیا۔

سوری۔ مہر و نے کہا۔ نہیں کوئی بات۔ مہر نے کہا اور مہر و وہاں سے چلی گئی۔ تہمینہ مہر و کی شادی کے جوڑے بی اماں کو دیکھا رہی تھی جو دیکھتے میں بی اماں کو بلکل دلچسپی نہ تھی۔ بی اماں یہ والا دیکھیں۔ تہمینہ نی انہیں اپنی طرف متوجہ کیا۔ ہاں ہاں اچھا ہے۔ بی اماں نے بولا تو تہمینہ مسکرا دی۔

سکینہ سکینہ۔ تہمینہ بی اماں کے کمرے سے جانے کے بعد سکینہ کو آواز دینے لگی۔ جی تہمینہ امی۔ سکینہ آتے ہوئے پوچھنے لگی۔ فضل سے کہ جا کے شہر سے مہر و کے جوڑے لے آئے وہ سل گئے ہوں گے۔ تہمینہ نے اس کی جانب پیسے کرتے ہوئے کہا۔ تہمینہ امی میں نہیں جارہی فضول سوال کرتا ہے۔ سکینہ نے بتایا۔ اچھا چلی جانا۔ تہمینہ نے اسے پیار سے کہا تو وہ کچھ کہے بغیر چلی گئی۔

سکینہ فضل کے پاس آئی تو وہ ہینڈ فری لگا کے ایف ایم سن رہا تھا۔ سکینہ نے اسے ہلایا۔ ہاں بول کیا ہے۔ فضل نے ہینڈ فری اتارتے ہوئے پوچھا۔ یہ تہمینہ امی نے پیسے دیے ہیں کہ رہی ہیں شہر سے جا کے مہرو باجی کے جوڑے لے آ۔ سکینہ نے اس کی جانب پیسے بڑھائے۔ اللہ کریں یہ شادی نہ ہو۔ سکینہ نے دعا کی۔ اللہ اللہ کر سکینہ کیسی باتیں کر رہی ہے تو۔ فضل نے اسے کہا۔ تجھے پوری بات کا جب نہیں پتہ تو کیوں بول رہا وہ کر جو کہا ہے۔ سکینہ نے منہ بنا کے جواب دیا۔ تو بھی ساتھ چل۔ فضل نے مسکراتے ہوئے کہا۔ چل نکل یہاں سے میں نے جوتی مارنی ہے تجھے۔ سکینہ غصے سے کہتی چلی گئی۔

KOH NOVELS - URDU
#Just Believe In Success

مہر اپنے کمرے میں لیٹا تھا کے یکدم اٹھا اور مہرو کے کمرے کی جانب بڑھا دروازہ کھولا تھا اور مہر اندر آیا مہرو سو رہی تھی۔ دوپہر کے تین بجے مہرو سو رہی تھی مہر کو تھوڑی حیرانگی ہوئی مگر پھر چپ کر کے اس کے پاس نیچے بیٹھا۔

مہرو مجھے معاف کر دو میں چاہ کے بھی کچھ نہیں کر سکتا۔ مہر اسے دیکھتے ہوئے کہنے لگا۔ اور بہت دیر اسے ایسے دیکھتا رہا اور پھر چلا گیا۔ تہمینہ ٹی وی دیکھ رہی تھی کے تبھی۔ آغا جان آئے۔ سکینہ نے فوراً

وی بند کیا۔ لڑکی تیری بی اماں کدھر ہیں۔ آغا جان نے ہمیشہ کی طرح ٹھنڈے لہجے میں پوچھا۔ بی اماں وہ تہمینہ امی کے کمرے میں ہیں۔ سکینہ نے بتایا۔ مجھے چائے بنادے ایک کپ۔ آغا جان نے کہا۔ انہیں بھی ابھی آنا تھا۔ سکینہ دل میں کہتی وہاں سے چلی گئی۔

سب لوگ نکاح کی تیاریوں میں مصروف تھے حویلی کو بلکل شادی کے ماحول کی طرح سجایا گیا مہرو کمرے میں اداس بیٹھی تھی۔

مہر سیڑھیاں اتر رہا تھا جب نظر بی اماں کی۔ اس پہ پڑی۔ کہاں جارہے ہو۔ بی اماں نے پوچھا۔ جی میرا پروجیکٹ ختم ہو گیا ہے تو بس جارہا ہوں۔ مہر نے بتایا۔ شادی تک رک جاتے بیٹا۔ تہمینہ نے کہا۔ نہیں بس اب مجھے چلنا چاہیے۔ مہر کہتے ساتھ جانے لگا۔ مجھے معاف کر دیجیے گا۔ مہر بی اماں کے قریب دھیمی آواز میں کہتا چلا گیا بی اماں اسے بس جاتا دیکھ رہی تھی۔

ابراہیم تم نے مہر سر کو دیکھا ہے۔ مہرو نے ابراہیم سے پوچھا۔ وہ تو چلے گئے۔ ابراہیم نے بتایا۔ کیا مطلب کہاں چلے گئے۔ مہرو پریشانی میں پوچھنے لگی۔ ان کا پروجیکٹ ختم ہو گیا تھا تو وہ چلے گئے۔ ابراہیم لاپرواہی سے جواب دیتا چلا گیا۔ اب میں کیا کروں گی ایک امید آپ تھے میری آپ بھی چلے گئے۔ مہرو کہتی اپنے کمرے میں دوبارہ آ گئی۔

مہرو وہ مہندی لگانی والی آ گئی ہے۔ تہمینہ اسے بلانے آئی۔ مہرو چپ چاپ ان کے ساتھ چل دی مہرو کے چہرے سے صاف ظاہر ہو رہا تھا کے وہ خوش نہیں ہے آغا اکبر یہ اچھے سے دیکھ سکتے تھے۔

لڑکیاں مہندی لگا رہی اور وہ بلکل بت بنی بیٹھی تھی۔ نکاح کے وقت انکار کر دینا۔ مہر مہر و کے ساتھ بیٹھتا کہنے لگا۔ مہر سر آپ۔ مہر و خوشی سے اس کی طرف مڑی مگر وہاں کوئی نہیں تھا مہر و کا وہ خیال تھا۔

دلہے کا نام کیا ہے۔ مہندی والی نے پوچھا۔ مہر۔ مہر و نے بتایا۔ میں نکاح سے انکار ہی کروں گی۔ مہر و نے دل میں کہا۔ مہندی لگ گئی تھی وہ اپنے کمرے میں بیٹھی تیار ہو رہی تھی لال رنگ کا لہنگہ پہنے بالوں کو جوڑے میں قید ڈارک میک اپ میں ماتھا پٹی لگائی ہوئی گردن کو ہار کی۔ زینت بنائے کانوں میں جھمکے پہنے وہ بے حد خوبصورت لگ رہی تھی مگر اس کا چہرہ بجھا بجھا سا تھا۔

مہر اپنے کمرے میں بیٹھا مہر و کو یاد کر رہا تھا اور چہرے پہ مسکراہٹ آرہی تھی مہر و مجھے معاف کر دینا مجھے یہی ٹھیک لگا۔ مہر نے دل میں کہا۔

بارات آچکی تھی۔۔ تہمینہ مہر و کے کمرے میں آئی اور اسے دیکھ کے آنکھوں میں آنسو آگئی۔ اب کیوں رو رہی ہیں مجھ سے گناہ کروا کے اب آنسو بہا رہی ہیں۔ مہر و نے افسردگی سے بولا۔ تو نہیں سمجھے گی میں نے تیرے بہتری کے لیے جو بھی کیا۔ تہمینہ نے بتایا۔ تو مہر و بے قابو ہوتی ان کے گلے لگ کے رونے لگی۔ مجھے معاف کر دینا اماں۔ مہر و نے کہا۔ بیٹا میں نے تجھے کب کا معاف کر دیا۔ تہمینہ نے اس کے آنسو صاف کیے۔ اچھا بیٹھ میں ڈوپٹہ سیٹ کر دوں۔ تہمینہ نے اسے کرسی پہ بیٹھایا۔ اور ڈوپٹہ سیٹ کیا۔

تہمینہ امی آپ کو آغا جان بلا رہے ہیں۔ سکینہ مہرو کے کمرے میں آتی کہنے لگی۔ اچھا۔ تہمینہ کہتی چلی گئی۔ مہرو باجی مجھے آپ کو کچھ بتانا ہے۔ سکینہ مہرو کے پاس آتے ہوئے کہنے لگی۔ ہاں بولو سکینہ۔ مہرو نے بولا۔ ادھر بیٹھیں میں بتاتی۔ وہ اسے بیڈ پہ بٹھا کے اس کے ساتھ بیٹھ گئی۔

سکینہ تو یہاں کیا کر رہی ہے تو نیچے جا کے مہمانوں کو دیکھ۔ بی اماں آتے ہوئے کہنے لگی۔ کتنی پیاری لگ رہی ہے میری پوتی۔ بی اماں مہرو کا چہرہ تھامے کہنے لگی۔ مہرو بی اماں کے گلے لگ سکینہ وہاں سے چلی گئی۔ بی اماں اس نکاح کو روک لیں اگر نہ رکا تو میں بتا رہی ہوں میں انکار کر دوں گی۔ مہرو نے بتایا۔ ایسے باتیں نہیں کرتے جو تیرے حق میں بہتر ہو گا اللہ وہی کرے گا۔ بی اماں اسے پیار کرتی وہاں سے اٹھ کے چلی گئی۔ مہر تو نے کہا تھا تو مہرو کو لے جائے گا مگر تو خود چلا گیا۔ بی اماں دل میں شکوہ کرنے لگی۔

مہرو شیشے کے سامنے بیٹھی خود کو دیکھ رہی تھی۔ تم سے حسین دلہن شاید ہی کوئی ہو گی۔ مہرو کو مہر کا عکس شیشے سے دکھائی دیا۔ وہ مڑی تو کوئی نہیں تھا۔ یہ مجھے کیا ہو رہا ہے میں مہر سر کو کیوں یاد کر رہی ہو اور وہ بار بار میرے خیال میں کیوں آ رہے ہیں۔ مہرو الجھن میں خود سے سوال کرنے لگی۔ نکاح کا وقت ہو گیا ہے چل چلیں۔ تہمینہ اس کے کمرے میں آتی اسے بتانی لگی۔

مہرو ان کے ساتھ اٹھ کے چل دی۔ نکاح کا انتظام حویلی کے لان میں ہوا تھا۔ مہرو اور اجمل کے درمیان پردہ تھا مولوی صاحب مہرو کے پاس آئے۔ مہرو انساء ولد آغا اکبر آپ کا نکاح اجمل ولد زبیر کے ساتھ حق مہر تین تولہ سونا آپ کو قبول ہے۔ مولوی صاحب نے پوچھا۔ مہرو خاموش رہی۔ کیا

#Just Believe In Success

آپ کو نکاح قبول ہے۔ مولوی صاحب نے پھر پوچھا۔ مہر و خاموش رہی۔ کیا آپ کو قبول ہے۔ مولوی صاحب نے پھر سے کہا۔ مہر و۔ تہمینہ نے اسے ہلایا۔

نہیں قبول۔ مہر و نے فوراً جواب دیا۔ جس سے سب حیران ہو گئے۔ لڑکی تیرا دماغ تو خراب نہیں ہے۔ آغا جان مہر و پہ دھاڑے۔ آغا جان خود تو ساری زندگی گناہ کیا ہے مجھ سے بھی گناہ کروا رہے ہیں نکاح کے اوپر نکاح نہیں ہو سکتا۔ مہر و نے بغیر ڈرے جواب دیے۔ تبھی آغا جان کا ہاتھ مہر و کی جانب بڑھنے ہی لگا تھا مگر کسی نے ان کا ہاتھ پکڑ لیا۔

مہر سر آپ۔ مہر و نے بے یقینی سے پوچھا۔ نہیں مہر و کا مہر۔ مہر نے اس کے کان میں سرگوشی کی۔ تم ہمارے گھر کیسے آئے۔ آغا جان مہر کی بات سن کے اور غصے میں آ گئے۔ ارے بھول۔ گئے آپ ہی لائے تھے۔ مہر نے بہت ڈھٹائی سے بتایا۔ حویلی کے لان میں کھڑے تمام لوگ حیران رہ گئے۔ تم نے ہمیں دھوکا دیا۔ آغا جان نے غصے میں بولا۔

آغا جان میں تو یہاں سب ٹھیک کرنے آیا تھا مگر ان۔ پندرہ دن ادھر رہنے سے مجھے معلوم ہوا کے آپ کبھی نہیں بدل سکتے خیر ابھی میں صرف اپنی بیوی مہر و کو لینے آیا ہوں اور اس بات کا ثبوت بھی ہے میرے پاس آج سے پندرہ سال پہلے یہی انہیں لوگوں کے درمیان مہر و اور میرا نکاح ہوا تھا یاد ہے۔ مہر نے یاد دلایا۔

تم مہر و کو اپنے ساتھ نہیں لے جا سکتے۔ آغا جان نے۔ اپنی بندوق نکالی۔ آغا جان اگر بندوق آپ کے۔ پاس ہے تو ہتھیار میرے پاس بھی ہے بھولے مت میں آپ کا ہی پوتا ہوں۔ مہر نے انہیں

بتایا۔ چلیں مہر و۔ مہر نے مہر و کی جانب ہاتھ بڑھایا جو اسٹل کھڑی اسے دیکھ رہی۔ ایسے کیا دیکھ رہی ہو میں ہی تمہارا مہر۔ مہر نے چٹکی بجاتے ہوئے کہا۔ مہر و ہوش میں آئے۔ ایک منٹ رکو۔ مہر کہتا اجمل کے پاس آیا۔

کہا تھا نا سرپرائیز ہوں چل کٹ لے کوئی نکاح نہیں ہو رہا۔ مہر نے اجمل کو بولا تو وہ فوراً وہاں سے چلا گیا۔ چلیں جائے آپ سب لوگ حویلی کا کھانا کھا کے جائیے گا ویسے تو آغا جان غریبوں میں کھانا باٹتے نہیں ہے مگر آج کھالیں۔ مہر نے سب لوگوں سے کہا۔

مہر و بی اماں کے پاس آئی اور ان کے گلے لگی پھر ابراہیم کے گلے لگی۔ اماں مجھے معاف کر دینا مگر شادی کے بعد لڑکی کا گھر اس کا سسرال ہوتا ہے۔ مہر و تہمینہ کے پاس آتے ہوئے کہنے لگی۔ تہمینہ خاموش رہی۔ اکبر کے گلے لگ کے وہ بہت روئی اور اکبر نے۔ ان دونوں کو دعائیں دی۔ تم مجھے بہت یاد آؤ گی سکینہ۔ مہر و سکینہ کے گلے لگ کے کہنی لگی۔

دل والے دلہنیا لے گئے اللہ آپ کو ہمیشہ خوش رکھیں مہر و باجی۔ سکینہ نے خوشی سے کہا تو مہر و مسکرا دی۔ سکینہ مہر و کا سامان تو باندھ دیا تھا۔ مہر نے پوچھا۔ جی مہر بابا آپ نے کہا تھا اور میں کیسے نہ کرتی۔ سکینہ نے بیگ آگے کیا۔ چلیں۔ مہر نے مہر و سے کہا۔ تو وہ اثبات میں سرہلا کے چل دی۔

مہر و گاڑی میں بیٹھتے مسلسل مہر کو دیکھ رہی تھی۔ کیا ہوا یقین نہیں آرہا۔ مہر نے۔ اس کی نظریں اپنے پہ دیکھیں تو پوچھنے لگا۔ نہیں میرا مطلب آپ نے کیوں نہیں بتایا مجھے۔ مہر و نے پوچھا۔ یار اگر

بتادیتاکیااتنامزہ آتانہیں ناتوبس اس لیے۔مہر نے اسے بتایا۔کیامطلب۔مہر و کواس کی بات سمجھ نہ آئی۔کچھ نہیں۔مہر نے بات ٹال دی۔

ہم کہاں جارہے ہیں۔مہر و نے اسے پھر سوال کیا۔میں تمہیں کیڈنیپ کررہاہوں۔مہر نے سنجید گی سے بتایا۔ٹھیک بتائیں۔مہر و نے پھر کہا۔یار لاہور جارہے ہیں تمہیں اپنی انگریز بیوی سے ملواناہے اور خبردار جو تم نے امی کو بتایا۔مہر نے اسے وارن کرتے ہوئے کہا۔نہیں بتاؤ گی۔مہر و نے فوراً بولا۔گڈ۔مہر مسکراتے ہوئے سامنے دیکھنے لگا۔

کیاہوا آج نہیں کھوگی غریبوں کا احسن خان۔مہر کو شرارت سوجھی۔مجھے نہیں پتہ تھاکے وہ آپ ہیں۔مہر و نے۔معصومیت سے جواب دیا۔تومہر کا قہقہہ لگاتومہر و شرم کے مارے سر جھکا گئی۔کچھ راستے چلتے ہی مہر و کو نیند آگئی تھی۔اف یارکتنی حسین لگتی ہے سوتے ہوئے آکسیڈینٹ ہوگااس کی مہر خود کی نظریں مہر و سے ہٹاتا سامنے دیکھنے لگا۔ focus on driving وجہ سے مہر

آغاجان کے دماغ میں مہر کی باتیں گھوم رہی تھی جہاں بی اماں۔بہت خوش تھی وہی آغاجان کا غصے سے براحال تھا۔بارہ بجے تک وہ لوگ لاہور پہنچ گئے تھے اور مہر و بھی اٹھ چکی تھی مہر نے ایک بڑے سے گھر کے باہر کار روکی۔اور پھر مہر و اور وہ دونوں کار سے اترے اور مہر نے گھر کی بل بجائی۔

مہر تو۔شاہدہ مہر کو دیکھ کے خوش ہوئی۔جی امی۔مگر میں اکیلا نہیں آیامیرے ساتھ کوئی اور بھی۔آیا ہے۔مہر نے بتایا۔کون۔شاہدہ پریشان ہوتی پوچھنے لگی۔مہر آگے سے ہٹاتوشاہدہ مہر و کو دیکھ کے پہلے توحیران پھر بعد میں خوش ہوئی۔مہر و میری جان۔شاہدہ اس کے گلے لگی اسے چومنے لگی۔تو

بلکل نہیں بدلی۔ تم دونوں اندر آوٗ۔ شاہدہ بیگم کا خوشی کا کوئی ٹھکانہ نہ تھا کے ان کی بہو اور بیٹا آج دونوں ہی ان کے پاس ہے۔

تم دونوں آرام کر لو تھک گئے ہوگے۔ شاہدہ نے کہا تو وہ دونوں کمرے کی جانب چل دیے۔ میں تو بہت خوش ہو اللہ تعالیٰ مہرو باجی اور مہرباں اکو خوش رکھنا اور اپنے حفظ و امان میں رکھنا۔ سکینہ ٹیبل صاف کرتے ہوئے خوشی سے کہہ رہی تھی۔ آغا اکبر بھی بہت خوش تھے کیونکہ وہ جانتے تھے کے مہر سے زیادہ حفاظت مہرو کی اور کوئی نہیں کر سکتا۔ اس لیے وہ مطمئن تھے تہمینہ نہ تو اداس تھی اور نہ ہی خوش شاید اس لیے خاموش تھی کیونکہ اس کی بیٹی کی خوشی مہر میں ہی تھی تو وہ کیا کرتی پھر اس لیے خاموش ہی رہنا انہوں نے ٹھیک سمجھا۔

مہر اور مہرو کمرے میں آئے تم۔ جا کے کپڑے چینج کر لو اور فریش بھی ہو جاوٗ۔ مہر نے مہرو سے کہا تو وہ ایک سوٹ اٹھاتی باتھ روم کی طرف چل دی۔ مہرو کپڑے تبدیل کر کے واپس آئی کے مہر کو کسی مہر کافی I love you darling i miss uhh so much سے بات کرتا تھا دیکھا۔ دیر یوں ہی فون پہ لگا رہا اور مہرو پیچھو کھڑی اسے دیکھ رہی تھی۔ کیا پوری بات سنی ہے تم نے جا کے سو جاوٗ۔ مہر نے مہرو کو کہا تو وہ جا کے بیڈ پہ لیٹ گئی کچھ دیر بعد ہی اس کی۔

آنکھ لگ گئی تھی مہر اس کے سونے کے فوراً بعد بیڈ پہ آیا اور اپنی سائیڈ پہ آ کے لیٹ گیا سفر سے تھکا ہوا تھا اس لیے اس کی بھی آنکھ لگ گئی۔ صبح مہر کی۔ آنکھ مہرو سے پہلے کھلی تھی مہر کی نظر مہرو پہ پڑی۔ سورج کی روشنی مہرو کے حسین اور نور چہرے پہ پڑ رہی تھی جس سے اس کا چہرہ اور بھی حسین لگ رہا تھا۔ مہر کا دل گستاخی پہ اتر رہا تھا وہ مہرو کے چہرے کے تھوڑا قریب گیا نہیں مہر یہ تو کیا کر رہا

ہے جہاں اتنے دن انتظار کیا دو تین اور سہی۔ مہر خود کو قابو میں لاتا ہوا کہنے لگا اور پھر اٹھ کے باتھ روم چلا گیا۔

مہر واپس آیا تو مہر و بھی اٹھ چکی تھی۔ جلدی ریڈی ہو جاؤ ناشتے پہ جانا ہے۔ مہر نے اسے دیکھتے ہوئے کہا تو وہ اثبات میں سر ہلاتی باتھ روم چلی گئی۔ سب لوگ ناشتے پہ موجود تھے۔ سکینہ۔ آغاجان نے اسے آواز دی۔ سکینہ جانتی تھی کے اب اس کے ساتھ کیا ہونا ہے۔ سکینہ آہستہ آہستہ قدم اٹھاتی آغاجان کے پاس آئی۔ جی۔ سکینہ نے پوچھا۔ تمہیں پتہ تھا مہر مہر و کو لے جانے آیا ہے۔ آغاجان نے سکینہ سے پوچھا۔ جی۔ سکینہ نے بتایا۔ کیوں کیا تو نے ایسا آغاجان نے پھر سوال کیا۔ آغاجان مہر و باجی مہر بابا کی بیوی تھی تو انہوں نے تو انہیں کے ساتھ جانا تھا۔ سکینہ نے بغیر ڈرے۔ پر سکون لہجے میں کہا۔

اپنی بکواس بند کر ایک تو میں تجھے گھر سے بھی نہیں نکال سکتا۔ آغاجان نے چلاتے ہوئے بولا۔ بی اماں۔ سکینہ ڈرتے ہوئے بی اماں کو پکارنے لگی۔ اس میں اس بیچاری کا کیا قصور۔ بی اماں نے مداخلت کی آغاجان کرسی چھوڑتے چلے گئے۔ فضل یہ دیکھ کے ہنس رہا تھا۔ ایک بات بتا تو آغاجان سے نہیں ڈرتی۔ فضل کچن میں آتا پوچھنے لگا۔ نہیں۔ سکینہ نے بتایا۔ تو یہاں کیا کر رہا ہے۔ سکینہ نے اس سے پوچھا۔ تجھے دیکھنے آیا تھا۔ فضل نے مسکراتے ہوئے بتایا۔

یہ چھچھوری حرکتیں بند کر اور باہر جا اس سے پہلے کے آغاجان آجائے۔ سکینہ نے اسے سخت لہجے میں کہا تو وہ چلا گیا۔ مہر و سکائے بلیو کلر کا فراک پہنے بالوں کو کمر میں کھولے بلکل لائٹ سے۔ میک اپ وہ ہمیشہ کی طرح خوبصورت لگ رہی تھی مہر اسے دیکھ کے اسٹل ہو گیا۔ چلیں۔ مہر و مہر کی۔ نظریں اپنے پہ دیکھتی فوراً کہنے لگی تو مہر ہوش میں آیا اور اثبات میں سر ہلاتا چلا گیا۔

اتنا سب بنا دیا امی آپ نے۔ مہر ناشتے دیکھتے ہوئے کہنے لگا۔ یہ سب تیرے لیے نہیں ہے میری بہو کے لیے ہے۔ شاہدہ مہرو کو پیار کرتے ہوئے کہنے لگی۔ اچھا بہو کے آتے ہی بیٹے کو بھول گئی۔ مہر نے پوچھا۔ ہاں۔ میری بہو ہے ہی اتنی پیاری۔ شاہدہ نے کہا تو فیصل اور مہرو ہنس دیے۔

مہرو مجھے یہ بتا تمینہ کیسی ہے۔ شاہدہ نے پوچھا تو شاہدہ کی آنکھوں میں نمی آ گئی۔ ٹھیک ہے۔ اداس تو مہرو بھی تھی۔ اچھا ناشتہ کرو تم دونوں شاہدہ خود پہ قابو پاتے ان دونوں کو کہنے لگی۔

وہ سب لوگ ٹی وی لاؤنج میں موجود تھے کے جب مہرو چائے لے کے آئی۔ دیکھو ذرا آج پہلا دن ہے اور آج ہی کام کرنا شروع کر دیے۔ شاہدہ اس کے ہاتھ سے ڈش لیتے ہوئے کہنے لگی۔ اب میں نے ہی تو کرنا ہے یہ سب۔ مہرو نے مسکراتے ہوئے بتایا۔ آپ کہیں جا رہے ہیں۔ مہرو مہر سے پوچھنے لگی۔ ظاہری سی بات ہے اب سارا وقت تمہیں تو نہیں دے سکتا پھر میری انگریز بیوی کو مجھ سے شکوہ ہو گا بہت پیاری ہے وہ۔ مہر نے پرفیوم لگاتے ہوئے بتایا۔ پھر مجھے کیوں کہا تھا کے میں بہت حسین ہوں۔ مہرو معصومیت سے پوچھنے لگی۔ وہ تو تم ہو مگر وہ بہت حسین ہے۔ مہر نے مسکراتے ہوئے بتایا۔

تم سو جانا مجھے دیر ہو جائے گی۔ مہر کہتا چلا گیا۔ اور مہرو اسے جاتا دیکھ رہی تھی۔ پاگل کی پاگل ہے۔ مہر اسے دیکھتے ہوئے کہنے لگا۔ مہرو کی آنکھ سے آنسو گرنے لگی۔ نہیں مہرو تو ناشکری نہیں کرے گی اللہ کا شکر کر کے اس نے اینڈ مومنٹ میں تیرا شوہر بیجھ دیا نہیں میں کوئی شکوہ نہیں کر رہی آپ سے اللہ۔ مہرو نے آنسو صاف کیے۔ اور لیٹ گئی۔ اور نا جانے کب نیند آ گئی۔ شکر ہے سو گئی۔ مہر آہستہ

آہستہ قدم اٹھاتا اس کے پاس آیا۔ اففففف مہر کنٹرول۔ مہر خود پہ قابو کرتا چہرہ دوسری طرف موڑ کر سو گیا۔

صبح مہرو کی۔ آنکھ کھلی تو مہر کو اپنے ساتھ لیٹا پایا۔ پتہ نہیں رات کو کب آئیں ہوں گے۔ مہرو دل میں کہتی اٹھ کے چلی گئی۔ مہرو باتھروم سے باہر آئی تو مہر کو ویسے ہی سوتا پایا اور پھر کمرے۔ سے چلی گئی۔ کچھ ہی دیر میں مہر کی۔ آنکھ کھلی مہر نے دیکھا تو اسے مہرو کہیں نہیں دیکھی۔ یہ کہاں چلی گئی شاید امی ابو کے پاس ہو۔ مہر کہتا باتھ روم کی جانب چل دیا۔

وہ کچن میں آیا تو مہرو کو وہی پایا کرسی کھینچ کر مہرو کے سامنے بیٹھ گیا۔ بے بی آج تم اتنی جلدی اٹھ گئی تمہیں تھوڑی دیر اور سو جانا چاہیے تھا تمہاری سلیپنگ بیوٹی پوری ہونی چاہیے۔ مہر فون کان کے ساتھ لگائی بولنے لگا مہرو اسے بس گھور کے دیکھتی اور پھر کام میں لگ جاتی۔ مہرو پانی دو۔ مہر نے مہرو سے کہا۔ وہ بے بی اور میں مہرو۔ مہرو منہ بناتی پانی ڈالنے لگی۔ کل کی رات بہت حسین تھی بے بی میں کبھی بھول نہیں سکتا۔ مہرو نے پانی اس کے۔ ساتھ پڑی ٹیبل پہ زور سے رکھا۔

KOH NOVELS - URDU
#Just Believe In Success

تمہیں تمیز نہیں ہے شوہر کو پانی دینے کی۔ مہر نے سخت انداز میں کہا مہرو جواب دیا بنا وہاں سے چلی گئی۔ میں۔ آج بھی۔ آؤں گا بے بی۔ مہر نے مسکراتے ہوئے بولا۔ مہرو کو مہر کی ہنسی اس وقت زہر لگ رہی تھی وہ پراٹھا بنا رہی تھی۔ مگر سارا دھیان مہر پہ تھا کہ جب مہرو کے ہاتھ میں۔

تیل کی چھینٹے آئی۔ اوچچچچچچچچچ۔ مہرو چلائی۔ مہر اس کی چیخ سن کے فوراً اس کے پاس آیا۔ کیا ہوا۔ مہر پریشانی میں پوچھنے لگا۔ وہ تھوڑا سا جل گیا۔ مہرو نے بتایا۔ یہ تھوڑا سا جلا ہے کتنا زیادہ جلا دیا ہاتھ جب

نہیں بنانا آتا تو کیوں بناتی ہو اب دیکھو خود کو چوٹ پہنچا دی چلو کمرے میں کچھ لگاؤ۔ مہرو نے اس پہ غصہ کرتے ہوئے کہا۔ تھوڑا سا تو جلا۔ مہرو نے ڈر کے بولا۔ یہ تھوڑا سا ہے۔ مہر کہتا اس کا ہاتھ تھامتا کمرے کی طرف بڑھ گیا۔

میرے خوابوں میں جو آئے آ کے مجھے چھیڑ جائے اسے کہو میرے سامنے تو آئے لالالالالا۔ سکینہ مزے سے اپنا پسندیدہ گانے گنگناتے پودوں کو پانی دے رہی تھی جب اسے سامنے سے آتا فضل نہیں دیکھا اور سکینہ نے ٹیوب اس کی جانب کر دی اور وہ پورا بھیگ گیا۔ نظر نہیں آتا کیا۔ فضل نے کہا۔ ہائے کتنا بد صورت لگ رہا ہے ایک بات بتا تو نہانے کے بعد کبھی اپنے گھر والوں کے سامنے گیا ہے۔ سکینہ نے پوچھا۔ ہاں گیا ہوں۔ فضل نے بتایا۔ تو وہ ڈرتے نہیں ہے تجھے دیکھ کے۔ سکینہ اپنی مسکراہٹ دبائے کہنے لگی۔ کیا مطلب؟ فضل کو سمجھ نہ آئی۔ چھوڑ اسے تو جا کے کمرے بدل لے ورنہ مجھے کچھ ضرور ہو جائے گا۔ سکینہ دوبارہ پودوں کو پانی دینے لگی اور وہ وہاں سے۔ چلا گیا۔ مہر نے مہرو کے ہاتھ پہ انٹمنٹ کریم لگائی تھی کہ تبھی مہر کا فون بجا۔

مہر نے کال ریسیو کی۔ مہر بیٹا میں اکبر بات کر رہا ہوں دوسری طرف سے اکبر کی۔ آواز آئی۔ جی چاچو۔ مہر نے کہا۔ بیٹا مہرو کیسی ہے۔ اکبر نے پوچھا۔ چاچو مہرو بلکل ٹھیک ہے یہ لیں آپ بات کر لیں اس سے۔ مہر نے فون مہرو کی طرف بڑھایا اسلام۔ وعلیکم ابا۔ مہرو فون کان کے ساتھ لگاتی بولی وعلیکم اسلام کیسی ہے۔ اکبر نے پوچھا۔ میں ٹھیک ہوں ادھر سب کیسے ہیں۔ مہرو نے بھی پوچھا۔ سب ٹھیک ہے بس تو اپنا اور مہر دونوں کا خیال رکھیں میں بعد میں بات کروں گا۔ اکبر نے کہتے ساتھ فون رکھا۔ مہرو نے فون مہر کی طرف بڑھایا۔

مہرو کی آنکھوں میں آنسو آچکے تھے۔ کیا ہوا کیوں رو رہی ہو۔ مہر نے اس سے پوچھا۔ ابا بہت یاد آرہے ہیں۔ مہرو نے روتے ہوئے بتایا۔ اچھا سنو۔ مہر کو شرارت سوجھی۔ جی۔ مہرو نے اس کی طرف دیکھ کے پوچھا۔ کل تیار رہنا تمہیں اپنی انگریز بیوی سے ملوانے جانا ہے۔ مہر نے بتایا۔ مجھے نہیں ملنا۔ مہرو اس کا نام سنتے ہی غصے میں آگئی۔ ایسے کیوں نہیں ملنا تو پڑے گا آخر سوتن ہے وہ تمہاری۔ مہر اس کے پاس آتا ہوا کہنے لگا۔ اب دیکھنا یہ پہلے مجھے بچہ کون دیتا ہے انگریز بیوی یا تم۔ مہر اس کو دیکھتے ہوئے کہنے لگا۔ چھی آپ کو شرم نہیں آتی۔ مہرو نظریں جھکائے پوچھنے لگی۔

اس میں شرم کی کیا بات ہے اسلام میں چار شادیاں کرنے کی۔ اجازت ہے ابھی دو اور بھی کروں گا۔ مہر نے بولا تو مہرو نے اسے گھورا ایسے کیا گھور رہی ہو چلو نیچے ناشتہ کب کا لگ چکا ہو گا۔ مہر نے کہا تو وہ دونوں نیچے چل دیے۔

اکبر تمہاری بیٹی بھی میری بیٹی کی طرح نکلی پورے گاؤں کے سامنے میرا سر شرم سے جھکا گئی۔ آغا جان رو عب دار لہجے میں اکبر کو کہنے لگا۔ آغا جان مہر اس کا شوہر تھا اور اس کو اس کے ساتھ جانا تھا۔ اکبر نے بولا تو آغا جان نے گھور کے دیکھا وہ نظریں جھکائے چلا گیا بی اماں ڈر کے مارے آنکھیں بند کر گئی۔

تیار ہو جاؤ امی کہہ رہی ہیں میں تمہیں شاپنگ پہ لے جاؤ تاکہ تم اپنی ضرورت کی اشیاء لے لو۔ مہر نے مہرو سے کہا تو وہ اٹھ کہ کپڑے چینج کرنے چلی گئی۔ بلیک۔ کلر کے۔ لانگ فراک میں اس کا گورا رنگ بہت خوبصورت لگ رہا تھا سر پہ حجاب کیے لائٹ پنک کلر کی لپسٹک لگائے وہ وہ ہمیشہ کی طرح پر کشش دیکھ رہی تھی۔ مہر نے کار مال کے باہر روکی وہ دونوں گاڑی سے اترے اور مال میں داخل ہوئے۔ مہرو نے شاپنگ کی اور پھر ان دونوں نے باہر سے کھانا کھایا۔

مہر کی رات کے تین بجے آنکھ کھلی اور نظر مہر و پہ پڑی جو نماز بچھائے دعائیں میں ہاتھ اٹھائے بیٹھی تھی مہر اس کی جانب آیا۔ تم تو کہا کرتی تھی کہ تم مجھے مانگتی دعائیں تو میں تو تمہیں مل گیا ہوں تو پھر اب کیا مانگ رہی ہو۔ آپ کی محبت صرف شوہر مل جانا کافی نہیں ہوتا اس کی محبت بھی چاہیے ہوتی ہے جتنی میں آپ سے کرتی ہوں اتنی ہی آپ کو مجھ سے کرنی چاہیے۔ مہر و نے۔ کہتے ساتھ نماز لپیٹی اور اپنی جگہ پہ آ کے لیٹ گئی مہر مہر و کی۔ بات میں کھویا ہوا تھا اسے اس کی بات بہت پسند آئی تھی۔

ویسے ایک بات بتاؤ تم اتنی گہری باتیں کر کیسے لیتی ہو۔ مہر نے مہر و سے پوچھا۔ جس نے تیرہ سال کسی کا انتظار کیا ہو تو وہ ایسی ہی گہری باتیں کرتے ہیں۔ مہر و نے بتایا۔ آپ نے نماز نہیں پڑھی۔ مہر و نے سوالیہ نظروں سے دیکھا۔ نہیں۔ مہر نے بتایا۔ تو پڑھیں۔ مہر و نے بولا۔ کیا پڑھنا لازمی ہے۔ مہر نے اسے دیکھتے ہوئے کہا۔ جی ایک دفعہ پڑھ کے تو دیکھیں بہت سکون۔ ملے گا ویسے ہمارے لیے ہر کام ضروری ہے اگر ایک دس منٹ اللہ کے سامنے سجدہ دے دیں گے تو کچھ ہو گا نہیں۔ مہر و اسے کہتی سو گئی۔

KOH NOVELS - URDU
#Just Believe In Success

مہر اٹھا اور باتھ روم۔ چلا گیا اس نے۔ نماز ادا کی اسے واقع آج بہت دنوں بعد اتنا سکون ملا تھا وہ نماز ادا کر تا مہر و کے ہمراہ ں بیڈ پہ آ کے لیٹ گیا۔ صبح سب لوگ ناشتے پہ موجود تھے سوائے آغا جان کے آغا جان سیڑھیاں اترتے سیدھا گراج کی جانب گئے بی اماں نے آوازیں دی مگر انہوں نے سنی ان سنی کر دی۔ فضل گاڑی نکالو۔ آغا جان گراج میں آتے ہوئے کہنے۔ لگا۔ کہاں جانا ہے۔ آغا جان۔ فضل نے پوچھا۔ لاہور۔ آغا جان نے بتایا۔ مگر کیوں۔ فضل نے پھر پوچھا۔ تم سے جتنا کہا ہے۔ اتنا کرو۔ آغا جان نے۔ اس دفعہ سخت لہجے میں بولا۔ ٹھیک ہے آغا جان آپ کی اجازت ہو تو میں ناشتہ کر لوں پھر

چلتے ہیں سفر کرنا ہے۔ فضل نے کہا۔ ٹھیک ہے تمہارے پاس پانچ منٹ ہیں جلدی آؤ۔ آغا جان کہتے لان کی جانب بڑھ دیے اور فضل گھر کے اندر داخل ہوا۔

سکینہ۔ فضل نے اس کا نام پکارا۔ تجھے میں نے کتنی دفعہ کہا ہے کچن میں مت آیا کر۔ سکینہ نے اسے بولا۔ بہت ضروری بات ہے۔ فضل نے کہا۔ کیا ہوا رحیم چچا کے بیٹے کا بھی۔ رشتہ پکا ہو گیا۔ سکینہ نے سوال کیا۔ افففف آغا جان لاہور جا رہے ہیں۔ فضل نے بتایا۔ تو جائیں مجھے کیا۔ سکینہ لاپرواہی سے بولی۔ مہرو باجی اور مہر سر کے پاس۔ فضل نے اسے بات سمجھائی۔ اب کیا کریں کسے بتائے جو ہماری مدد کر سکے۔ ہاں بی اماں۔ سکینہ کہتی وہاں سے چلی گئی۔

بی اماں بی اماں۔ سکینہ کمرے میں آتے انہیں پکارنے لگی۔ کیا ہوا سکینہ۔ بی اماں نے پوچھا۔ بی۔ اماں آغا جان لاہور جا رہے ہے مہرو باجی کے پاس۔ سکینہ نے بتایا بی اماں کو دھچکا لگا۔ تو فضل کو جا کے کہ کے ان کے۔ ساتھ جانے کی ہامی بڑھے۔ بی اماں نے۔ سکینہ سے کہا تو وہ وہاں سے چلی گئی۔ چلیں آغا جان۔ فضل نے پوچھا۔ ہاں چلو آغا جان نے کہا ہی تھا کہ تبھی اندر سے چیخ کی آواز آئی۔ آغا جان اندر آئے۔

KOH NOVELS - URDU
#Just Believe In Success

بی۔ اماں کو گرا پایا۔ یہ کیا ہوا تمہیں۔ آغا جان نے اکتا کر کہا۔ آغا جان پیر پھسل گیا ان کا۔ سکینہ نے بتایا۔ آغا جان نے ڈاکٹر کو کال کی کچھ دیر بعد ڈاکٹر صاحب حویلی میں موجود تھے اور بی اماں کا چیک اپ کر رہے تھے۔ ان کے پیر پہ موچ آئی ہے ایک دو دن آرام کرائیں ٹھیک ہو جائیں گی۔ ڈاکٹر نے بتایا اور وہاں سے چلا گیا۔ پاگل عورت دھیان سے نہیں چل سکتی تھی تمہاری وجہ سے لاہور بھی نہ جا سکا اب

پنچایت کا وقت ہے چلو فضل تم گاڑی نکالو ہم کل لاہور جائیں گے۔ آغا جان نے فضل سے کہا تو وہ وہاں سے چلا گیا۔ بس اب اکبر کو بتانا ہے۔ بی اماں نے دل میں کہا۔

شاہدہ کمرے میں تھی تبھی مہر وان کے پاس آئی۔ تائی امی۔ آپ کو امی بہت یاد آتی ہیں نا۔ مہر و نے ان سے پوچھا جو اپنی اور تہمینہ کی تصویر دیکھ کے آنکھوں میں نمی۔ لائے بیٹھی تھی۔ ہمممم ہم نے بچپن ساتھ گزارا بڑے ساتھ ہوئے ایک ہی گھر میں بیاہی گئی مگر آج تیرہ سال ہو گئے مجھے اپنی بہن سے ملے ہوئے۔ شاہدہ نے روتے ہوئے بتایا۔ وہ بھی بہت یاد کرتی ہیں دیکھیے گا ایک دن سب ٹھیک ہو جائے گا اور ہم۔ سب پہلے کی طرح رہیں گے۔ مہر و نے انہیں تسلی دی۔ ہمممم۔ شاہدہ مہر و کو گلے لگاتی اثبات میں سر ہلانے لگے۔ مہر و دوپہر کا کھانا کھا کے اپنی کمرے۔ میں بیٹھی کتاب پڑھ رہی تھی۔

تم تیار نہیں ہوئی۔ مہر کمرے میں آتا پوچھنے لگا۔ کس لیے۔ مہر و نے بدلے میں سوال کیا۔ تمہیں بتایا تو تھا الیانہ سے ملنے جانا ہے۔ مہر نے یاد دلایا۔ مجھے نہیں جانا آپ کی۔ کسی الیانہ ولیانہ سے ملنے۔ مہر و اپنا غصہ ضبط کرتی بتانے لگی۔ ایسے کیسے اس نے تمہارے لیے اتنا مزید ار ڈنر بنایا ہے میں نے اسے بتایا میری کزن آرہی ہے ٹھیک ہے اس کو مت بتانا تم میری بیوی ہو پتہ ہے جس سے آج تمہیں ملوانے لے کے جا رہا ہوں وہ میری محبت ہے میں اسے بہت چاہتا ہوں اس کے لیے کچھ بھی کر سکتا ہوں۔ مہر نے کھوئے ہوئے انداز میں بتایا۔ کچھ بھی۔ مہر و نے پوچھا۔ کچھ بھی۔ مہر نے بتایا مہر و فوراً غصے میں اٹھتی باتھ روم چلی گئی۔۔

مہر و ہو گئی تیار۔ مہر کمرے میں آیا اور مہر و کو دیکھتا وہی رک گیا۔ ریڈ کلر کا فراک پہنے سر پہ ہم رنگ حجاب کیے ہونٹوں پہ ریڈ لپسٹک لگائے وہ شہزادی لگ رہی تھی مہر نے اسے دیکھا اور بس دیکھتا ہی رہ گیا

کتنی حسین تھی وہ۔ مہر ہوش میں واپس آیا۔ اچھا سنو امی کو مت بتانا انہیں کہنا اوٹنگ پہ جا رہے ہیں میں تمہارا ویٹ کر رہا آجاؤ۔ مہر کے دل میں بہت سے جذبات پیدا ہوئے مگر وہ خود پہ قابو کرتا کمرے سے چلا گیا

مہر و بھی اس کے پیچھو چل دی۔ مہر نے گاڑی ایک بلڈنگ کے باہر روکی اور پھر وہ دونوں گاڑی سے اترے تیسرے فلور پہ جا کہ مہر نے ایک فلیٹ کی طرف اشارہ کیا مہر و نے دروازہ کھولا مہر و یہ دیکھنے آئی تھی۔ کیا وہ واقع ہی بہت حسین ہے۔ جیسے ہی مہر و نے دروازہ کھولا تو مہر و پہ پھول کی پتیوں کی بارش ہوئی مہر و نے ایک نظر اوپر دیکھا اور پھر پریشانی میں ادھر ادھر نظریں گھمائی کمرے میں اندھیرا تھا مہر نے مہر و کی۔ آنکھوں پہ پٹی باندھی۔ مہر۔ مہر و نے اس کا نام پکارا۔ میں یہی ہوں آؤ تمہیں دیکھاؤ اپنی انگریز بیوی۔ مہر نے کہتے ساتھ لائیٹس آن کی اور مہر و کے ساتھ چلتا ٹی وی لاؤنج میں آیا۔

مہر اس کے ساتھ چلتا اسے شیشے کے سامنے کھڑا کیا۔ تم تیار ہو دیکھنے کے لیے۔ مہر نے مہر و کے کان میں سرگوشی کی۔ مہر و نے اثبات میں سر ہلایا مہر نے پٹی کھولی تو مہر و نے آنکھیں کھولیں مہر و نے شیشے میں اپنا عکس دیکھا۔

یہ کیا ہے۔ مہر و پریشانی سے پوچھنے لگی۔ یہی تو ہے میری انگریز بیوی جس سے بہت محبت کرتا ہوں۔ مہر نے شیشے میں دیکھتے ہوئے کہا مہر و حیرانگی سے اسے دیکھنے لگی۔ ایسے کیا دیکھ رہی ہو سچ بتا رہا ہوں بہت محبت کرتا ہوں تم سے جس طرح تم نے تیرہ سال میرا انتظار کیا اور میرے لیے اپنی آپ کو محفوظ رکھا اس طرح میں نے کبھی کسی لڑکی کی طرف آنکھ اٹھا کے بھی نہیں دیکھا میں نے صرف تم

سے محبت کی ہے سارے وعدے یاد ہے مجھے مہر وجو میں بچپن میں کر کے گیا تھا۔ مہر کے الفاظ سنتے ہی مہر و کی۔

آنکھوں میں آنسو آ گئے۔ اب رو کیوں رہی ہو اب تو میں تم سے عشق کرتا ہوں تو یہ رونا کیوں۔ مہر نے اس کے آنسو صاف کرتے ہوئے پوچھا۔ کیونکہ میں بھی آپ سے بہت پیار کرتی ہوں۔ مہر و نے اسے دیکھتے ہوئے بتایا۔ میں تو تم سے عشق کرتا ہوں۔ میں بھی وہی کرتی ہوں۔ مہر و نے نظریں جھکا کے کہا۔ کیا وہی۔ مہر نے جان کے تنگ کیا۔ عشق۔ مہر و نے بتایا تو مہر مسکرا دیا۔

یہ تو میری تصویریں ہیں۔ مہر و اپنی تصویریں دیکھ کے کہنے لگی۔ ہمم۔ مہر نے اثبات میں سر ہلایا۔ لیکن یہ آپ کے پاس کیسے آئی۔ مہر و نے پوچھا۔ بارہ سال تک کی تو میرے پاس تھی باقی سب تم اچھے سے جانتی ہو کس نے دی۔ مہر نے مسکراتے ہوئے بتایا۔ سکینہ۔ مہر و نے مسکراتے ہوئے گیس کیا۔ مہر نے ہاں میں سر ہلایا۔

چلو کیک کاٹتے ہیں نئی زندگی کا سفر میٹھے سے شروع کرتے ہیں۔ مہر نے کہا تو وہ دونوں ایک ٹیبل تھی جس میں سارے پھول پھیلے ہوئے تھے اور بیچ میں مہر و کا فیورٹ چاکلیٹ کیک بیچ پہ رکھا ہوا تھا۔ مہر نے مہر و کا ہاتھ تھاما دونوں نے مل کے کیک کاٹا مہر نے اپنے ہاتھوں سے مہر و کو کھلایا مہر و کے ہونٹ کے قریب چاکلیٹ لگ گئی تھی مہر نے مہر و کی کمر میں ہاتھ ڈال کے اسے اپنے قریب کیا۔ ی یہ کیا کر رہے ہیں۔ مہر و نے گھبراتے ہوئے پوچھا مہر نے اس کی۔ بات کو نظر انداز کر کے۔ اپنے ہونٹوں سے مہر و کے ہونٹوں کے قریب لگی چاکلیٹ صاف کی مہر و کا دل بہت زور سے دھڑک رہا تھا۔

چاہو تو تم بھی کر سکتی ہو۔ مہر نے اپنے ہونٹوں کے قریب چاکلیٹ لگا کے کہا۔ نہیں۔ مہر و نظریں جھکاتی بولی۔ اچھا۔ مہر اداسی سے کہتا خود ہی چاکلیٹ صاف کرنے لگا۔ چلو روم میں چلتے ہیں۔ مہر نے مہر و کو بولا۔ ر روم میں کیوں۔ مہر و ڈرتے ہوئی پوچھنے لگی۔ دیکھانے روم۔ مہر نے بتایا۔ نہیں مجھے گھر جانا ہیں۔ مہر و نے۔ اس کی بات کو ٹالتے ہوئے کہا۔ گھر بھی چلے جائیں گے لیکن ابھی ہم ڈنر کریں گے اس کے بعد تم روم دیکھو کچھ دیر روم میں رہیں گے اور پھر گھر جائیں گے۔ مہر نے کہتے ساتھ اسے کرسی پہ بٹھایا مہر و چپ چاپ کرسی بیٹھ گئی۔

دونوں نے ڈنر کیا مہر اسے بیڈ روم میں لے آیا۔ میں نے تمہیں اس دن منہ دیکھائی نہیں دی تھی نا۔ مہر نے کہتے ساتھ ایک ڈبی کھولی اور اس میں سے ایک پینڈنٹ نکالا جس میں سفید نگوں لکھا تھا مہر نے مہر و کے گلے میں پہنایا پھر اس کے حجاب کی پنیز کھولنے لگا پنیز کھولنے M♡M کے بعد مہر نے مہر و کے بال اس کی کمر پہ پھیلائے کھلے بالوں میں بہت حسین لگتی ہو۔ مہر نے کہتے ساتھ اس کے ریشمی بالوں کو آگے کیا اور اس کی گردن پہ اپنے پیار کی مہر لگائی مہر و اس کی قربت محسوس کرتی آنکھیں بند کر گئی۔

KOH NOVELS - URDU
#Just Believe In Success

مہر مجھے گھر جانا ہے۔ مہر و مہر سے دور ہوتی کہنے لگی۔ یہ گھر ہی تو ہے۔ مہر اس کے قریب آتا بتانے لگا۔ اپنے گھر۔ مہر و اس سے پھر دور ہوئی مہر نے مہر و کو کمر سے کھینچ کے اپنے قریب کیا۔ چلے جائیں گے۔ مہر نے کہتے ساتھ مہر کو ہونٹ پہ اپنے ہونٹ رکھ دیے مہر و نے مہر کے بازو کو زور سے پکڑ لیا۔ مہر پانچ منٹ مسلسل اس کے ہونٹ میں اپنے ہونٹ رکھے رکھا مہر و کو لگا اگر اب مہر نے اس کے

ہونٹ آزاد نہیں کیے تو وہ سانس نہیں لے پائی گی مگر اگلے ہی لمحے مہر نے اس کو ہونٹوں کو آزادی بخشی۔

ی یہ کیا کر رہے ہیں آپ۔ مہر و سے گھبراہٹ کے مارے بولا بھی نہیں جا رہا تھا۔ کیا کر رہا تھا محبت کر رہا تھا۔ مہر نے شوخ انداز میں بولا۔ تم بھی کر سکتی ہو۔ مہر نے بولا تو مہر و شرم کے مارے سر جھٹک گئ۔ مجھے شرم آتی ہے۔ مہر و شرماتے ہوئے بولی۔ مجھ سے کیسی شرم میں تو شوہر ہوں۔ مہر نے کہتے ساتھ مہر کی گال کو چوما کے تبھی مہر کا فون بجنے لگا۔ کس کتے کا فون آگیا اس وقت۔ مہر نے کہتے ساتھ اپنی جیب سے فون نکالا۔ اکبر چچا۔ مہر نے سکرین پہ دیکھا۔

کیا آپ نے میرے ابو کو گالی دی۔ مہر غصے میں بولی۔ مجھے تھوڑی نہ پتہ تھا چچا کا فون ہے مہر نے اٹینڈ کر کے مہر و کی جانب کر دیا۔ اور مہر مہر و کے پیچھو کھڑا ہو گیا۔ کیسے ہیں آپ۔ مہر و نے پوچھا۔ کے تبھی مہر نے اس کی گردن پہ کس کی۔ کیا کر رہے ہیں آپ۔ مہر و نے مہر کو پیچکس کیا۔ بیٹا میں تو کچھ نہیں کر رہا۔ اکبر پریشان ہو تا بتانے لگا۔ نہیں ابا میں آپ کو نہیں کہہ رہی۔ اور وہاں سب کیسے ہیں۔ مہر و نے پوچھا کہ تبھی مہر نے مہر و کے فراک کی۔ زپ کھولی پیچھو ہٹیں۔ مہر و نے۔ مہر کو کہنی ماری۔

بیٹا میں تو بیٹھا ہو۔ اکبر کو اپنی ل بیٹی کا دماغ ٹھیک نہ لگا۔ ابا میں آپ۔ سے نہیں کہہ رہی۔ مہر و نے انہیں بولا۔ یہ لو اپنی امی سے بات کرو۔ اکبر نے فون تہمینہ کی جانب کیا۔ کیسے ہے تو۔ تہمینہ نے پوچھا۔ میں ٹھیک ہوں۔ مہر و نے کہا تو تہمینہ کو تسلی ہوئی مگر مہر مہر و کو بہت تنگ کر رہا تھا۔ مہر نے مہر کی گردن میں کس بائٹ کی۔ آہہہہہ۔ مہر و کے منہ سے بے اختیار چیخ نکلی۔ کیا ہوا تہمینہ پریشانی میں پوچھا۔

کچھ نہیں کسی زہرلے کیڑے نے کاٹ لیا۔ مہر و نے زہریلے کیڑے پہ زور دیا اور مہر کو گھور کر دیکھا۔ مہر و تو ٹھیک تو ہے۔ نا۔ تہمینہ پریشانی میں پوچھنے لگی۔ جی ٹھیک ہوں۔ مہر و نے بتایا۔ میں زہریلا کیڑا۔ مہر نے ہلکی۔ آواز میں پوچھا۔ مہر و نے اثبات میں سر ہلایا۔

